28-08-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---------------------------------------------------------

1 بھارت-چِلی مشترکہ کمیشن کی دوسری میٹنگ آج نئی دلّی میں منعقد ہوگی۔

2 پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی نے وقف ترمیمی بِل 2024 کے بارے میں عوام سے تجویزیں طلب کی ہیں۔

3 BJP نے، مغربی بنگال میں 12 گھنٹے کے بند کی اپیل کی ہے، جس کا مقصد، کولکاتہ کے، آبروریزی اور قتل کیس میں، انصاف کا مطالبہ کرنے والے طلباء پر، پولیس کی زیادتیوں کے خلاف احتجاج کرنا ہے۔

4 گجرات میں شدید بارش کی وجہ سے بحران پیدا ہوگیا ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے بہت سے ضلعوں کیلئے ریڈ الرٹ اور اچانک سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے۔

5 جَے شاہ کو، بین الاقوامی کرکٹ کونسل کا، بلا مخالفت چیئرمین منتخب کرلیا گیا ہے۔

6 اور

2024 کے پیرالمپکس کھیل مقابلے، آج پیرس میں شروع ہوں گے، جن میں بھارت کے 84 ایتھلیٹس حصہ لیں گے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Chile FM India Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور چلی کے وزیر خارجہ Alberto Van Kalveren نے آج نئی دلی میں بھارت-چلی مشترکہ کمیشن کی دوسری میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ اِس کے علاوہ جنابKalaveren آج چلی-بھارت کاروباری (زرعی) اجلاس میں بھی شرکت کریں گے اور بعد میں ممبئی کے لیے روانہ ہوجائیں گے۔ چلی کے وزیر خارجہ کَل نئی دلی پہنچے ہیں۔

چلی لاطینی امریکی خطے میں بھارت کا ایک کلیدی شراکت دار ہے۔ وزیر خارجہ کے Kalaveren کے اِس دورے سے طرفین کو باہمی تعلقات کی پیشرفت کا جائزہ لینے، تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے اور باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کا ایک موقع فراہم ہوگا۔x

MEA Delegation in Maldives

وزارت خارجہ کا ایک اعلیٰ سطحی وفد مالدیپ پہنچا ہے، تاکہ Archipelago میں Development Cooperation Projects کی پیشرفت کا جائزہ لیا جا سکے۔ خصوصی سکریٹری اور مالی صلاح کار انوراگ اگروال کی قیادت میں وفد نے مالدیپ حکومت کے وزراء اور سینئر اہلکاروں کے ساتھ مفید بات چیت کی ہے۔ اِس وفد نے پروجیکٹوں کے مقام کا دورہ کیا اور بھارتی پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ یہ وفد آج تک مالدیپ میں ہی قیام پذیر ہے۔x

JPC Waqf Suggestion

وقف ترمیمی بل 2024 کے بارے میں پارلیمنٹ کی جوائنٹ کمیٹی نے عوام، غیر سرکاری تنظیموں NGOs ماہرین، متعلقہ فریقوں اور اداروں سے ان کے نظریات اور تجاویز طلب کی ہیں۔

لوک سبھا سکریٹریٹ نے ایک باضابطہ بیان میں کہا ہے کہ کمیٹی کو تحریری تجاویز بھیجنے کے خواہشمند افراد، لوک سبھا سکریٹریٹ کے جوائنٹ سکریٹری کو انگریزی یا ہندی میں دو کاپیاں ارسال کر سکتے ہیں۔ اسکے علاوہ وہ Jpcwaqf-ISS@sansad.nic.in کو ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

یہ تجاویز، اس اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے پندرہ دن کے اندر اندر پہنچنی چاہئیں۔

وقف ترمیمی بل کو، جسے بجٹ اجلاس کے دوران لوک سبھا میں پیش کیا گیا تھا، جائزہ کی غرض سے پارلیمنٹ کی جوائنٹ کمیٹی کے سپرد کردیا گیاتھا۔ یہ کمیٹی اس سال پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے پہلے ہفتے کے آخری دن ایوان میں اس بل کے بارے میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔x

BJP Bangla Bandh

بھارتیہ جنتا پارٹی BJP نے کولکاتہ میں حال ہی میں ایک ڈاکٹر کی مبینہ آبروریزی اور قتل کے معاملے میں مظاہرہ کرنے والے طلبا پر پولیس کی زیادتیوں کے خلاف آج مغربی بنگال میں 12 گھنٹے کے بند کا اعلان کیا ہے۔

احتجاجی مظاہرین وزیراعلیٰ ممتا بنرجی کے استعفیٰ اور RG-KAR میڈیکل کالج اور اسپتال میں ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل میں ملوث افراد کی گرفتاری کی مانگ کر رہے تھے۔ کل کولکاتہ میں ”چھاتر سماج“ کی جانب سے بلائے گئے طلبا کے Nabanna ابھیان، مارچ کے دوران تشدد کی خبر ملی تھی۔ اس دوران، ریاستی حکومت نے کہا ہے کہ وہ بی جے پی کے اس بندھ کی حمایت نہیں

کرے گی اور معمول کی صورتحال برقرار رکھنے کی غرض سے سبھی انتظامات کرے گی۔x

NTF - Meet

سپریم کورٹ کی طرف سے تشکیل دی گئی، نیشنل ٹاسک فورس NTF کی، آج، ریاست کے چیف سکریٹریز اور پولیس کے ڈائرکٹرز جنرل کے ساتھ منعقد ہونے والی میٹنگ میں، طبی پیشہ وَر افراد کی سلامتی کیلئے، فوری طور سے کئے جانے والے اقدامات پر تبادلہئ خیال کیا جائے گا۔ میٹنگ کی مشترکہ قیادت مرکزی داخلہ سکریٹری اور مرکزی صحت سکریٹری ویڈیو کانفرنسنگ کے وسیلے سے کریں گے۔

ٹاسک فورس کی کَل پہلی میٹنگ میں طبی پیشہ وَر افراد کی سلامتی، حفاظت اور کام کاج کے حالات کی سفارشات کی گئی تھیں۔ یہ میٹنگ کَل کابینہ سکریٹری کی قیادت میں نئی دلّی میں منعقد کی گئی۔

سپریم کورٹ نے ٹاسک فورس کو ہدایت دی تھی کہ وہ اپنی عبوری رپورٹ 3 ہفتے کے اندر-اندر، اور حتمی رپورٹ دو مہینے اندر-اندر داخل کردے۔×

J&K Nomination

جموں و کشمیر میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے داخل کئے گئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل کَل شام ختم ہوگیا تھا۔ اِس مرحلے کے تحت 6 ضلعوں کے 24 حلقوں میں 18 ستمبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 30 اگست ہے۔

اگلے دو مرحلوں کی ووٹنگ 25 ستمبر اور یکم اکتوبر کو کی جائے گی۔ نتیجوں کا اعلان 4 اکتوبر کو کیا جائے گا۔×

India 3rd Economy

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت، جلد ہی دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔ وزیر موصوف نے، ترقی کی شرحوں پر روشنی ڈالی۔ یہ شرحیں، بین الاقوامی مالی فنڈ IMF کے عالمی خاکے کی رپورٹ میں بیان کی گئی ہیں۔

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بھارت، دنیا کی سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی معیشت ہے، جس کی شرح 7 فیصد ہے۔ اِس کے بعد چین کی شرح ترقی ہے۔ یہ شرح 5 فیصد ہے۔ امریکہ کی شرح ترقی 2 اعشاریہ چھ فیصد ہے، جو فی الحال دنیا کی سب سے بڑی معیشت ہے اور جس کی GDP تقریباً 28 اعشاریہ آٹھ ٹریلین ڈالر ہے۔ امریکہ کا مقام ترقی کرتی ہوئی معیشتوں میں ساتواں ہے۔

دنیا میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی 10 معیشتوں میں انڈونیشیا بھی شامل ہے، جسے تیسرا مقام حاصل ہے۔ اِس کی مجموعی گھریلو پیداوار کی شرح 5 فیصد ہے، اِس کے بعد ترکی کا نمبر ہے، جس کی شرح ترقی 3 اعشاریہ چھ فیصد ہے۔×

Coal - Production

ملک میں اس سال اب تک کوئلے کی مجموعی پیداوار میں 7 اعشاریہ ایک دو فیصد کا خاطر خواہ اضافہ درج کیا گیا ہے۔ کوئلے کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس مالی سال میں 25 اگست تک کوئلے کی مجموعی پیداوار بڑھ کر 370 ملین ٹن سے زیادہ ہوگئی ہے۔ جبکہ گزشتہ برس کی اسی مدت کے دوران کوئلے کی پیداوار 346 ملین ٹن درج کی گئی تھی۔ کوئلے کی مجموعی

سپلائی میں بھی قابلِ ذکر اضافہ درج کیا گیا ہے، جو 397 ملین ٹن سے زیادہ ہوگئی ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ اِس سے گزشتہ سال کے مقابلے پانچ اعشاریہ چار آٹھ فیصد کے قابل ستائش اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Heavy Rains

بھارت کے محکمہ موسمیات نے سوراشٹر اور کَچھ میں دور دور تک موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کے ساتھ اگلے 48 گھنٹے کے لیے گجرات کے مختلف ضلعوں کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے احمد آباد، وڈودرا سمیت گجرات کے کئی ضلعوں کے لیے تازہ سیلاب کے خطرے کے تعلق سے بھی الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ نچلے علاقوں میں رہ رہے 23 ہزار سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے جبکہ 1600 سے زیادہ کو باہر نکالا گیا ہے۔

اِس دوران پچھلے 24 گھنٹے کے دوران گجرات میں دور دور تک بارش ہوئی ہے۔ بہار میں بھاگلپور، مُنگیر، مغربی چمپارن، کھگڑیا، کٹیہار اور کچھ دیگر اضلاع میں سیلاب کی صورتحال کی وجہ سے ہزاروں لوگ بے گھر ہوگئے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*V/C - Dharmendra Kumar Rai*

*بھاگلپور، کٹیہار اور کشن گنج ضلعوں کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بہت سی دیہی سڑکوں، حفاظتی پشتوں اور مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ مغربی چمپارن ضلع میں، Bagaha، ٹھکراہا،*

*مدھوبنی اور Piprasi بلاکس میں سڑکیں زیرآب آگئی ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں، کشتیاں ہی آمد و رفت کا واحد وسیلہ رہ گئی ہیں۔ سیلاب سے بے گھر ہوئے لوگوں نے بلند مقامات پر پناہ لے رکھی ہے۔*

*پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شبانہ رحمن۔*

اِس دوران، بھارت کے محکمہ موسمیاتIMD نے ملک کے مغربی، وسطی اور ساحلی حصوں میں اگلے دو سے تین روز کے دوران موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے بتایا ہے کہ سوراشٹر اور کَچھ اور شمالی گجرات سے متصل علاقوں میں ہوا کے گہرے دباؤ کا جو حلقہ بنا تھا وہ اب مغرب کی سمت آگے بڑھ گیا ہے۔

اِس کے زیر اثر گجرات، سوراشٹر اور کَچھ، راجستھان، مہاراشٹر میں اِس مہینے کی 31 تاریخ تک شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔x

Kharif - Crops

ملک میں اس سال خریف کی فصل کی بوائی میں خاطر خواہ پیش رفت درج کی گئی ہے۔ اب تک ایک ہزار 65 لاکھ ہیکٹیئرز سے زیادہ رقبے میں بوائی کی جاچکی ہے۔ جبکہ گزشتہ برس کی اسی مدت کے دوران، خریف کے تحت تقریباً ایک ہزار 44 لاکھ ہیکٹیئرز رقبے میں بوائی کی گئی تھی۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے نے کل خریف کی فصلوں کے تحت بوائی کے رقبے میں ہوئے اضافے کے بارے میں ایک رپورٹ جاری کی ہے۔

دھان کی بوائی والا رقبہ 394 لاکھ ہیکٹیئرز سے زیادہ ہوگیا ہے۔ جبکہ گزشتہ برس کی اسی مدت کے دوران یہ 378 لاکھ ہیکٹیئرز سے زیادہ تھا۔ دالوں کی

بوائی کا رقبہ بھی 115 لاکھ ہیکٹیئرز سے بڑھ کر 122 لاکھ ہیکٹیئرز تک پہنچ گیا ہے۔

موٹے اناج کی بوائی 185 اعشاریہ پانچ ایک لاکھ ہیکٹیئرز، جبکہ تلہن 188 اعشاریہ تین سات لاکھ ہیکٹیئرز رقبے میں کئی گئی ہے۔×

Tripura Central Team

وزارتِ داخلہ کے جوائنٹ سکریٹری بی سی جوشی کی قیادت میں ایک بین وزارتی مرکزی ٹیم آج تریپورہ کا دورہ کرے گی۔ ٹیم، ریاست میں سیلاب کی تباہ کاریوں کا جائزہ لے گی۔

زراعت، خزانے، جَل شکتی، دیہی ترقی اور سڑک ٹرانسپورٹ و شاہراہوں کی وزارتیں اِس ٹیم میں شامل ہیں۔

تریپورہ کے مالیے کے سکریٹری برجیش پانڈے نے کہا کہ پوری ریاست میں، 72 ہزار سے زیادہ سیلاب متاثرین کو شیلٹرز فراہم کئے گئے ہیں۔ اِن میں سے 50 ہزار سے زیادہ متاثرین کو، گومتی ضلعے میں عارضی کیمپوں میں رکھا گیا ہے۔

ضلع انتظامیہ، کیمپوں میں راحت کا سامان تقسیم کررہی ہے، جس میں کھانے کی چیزیں، پینے کا پانی اور طبی سہولیات شامل ہیں۔

جناب پانڈے نے بتایا کہ SDRF کی چھ اور NDRF کی پانچ ٹیمیں، گومتی اور سیپاہِجالہ ضلعوں میں، راحت کے کام میں مصروف ہیں۔ اِس کے علاوہ سِول ڈیفنس اور آپدامِتر کے تقریباً 500 رضاکار راحت کا سامان تقسیم کرنے میں مصروف ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ سیلاب میں اب تک 31 لوگوں کی جانیں جاچکی ہیں، دو افراد زخمی ہوگئے ہیں اور ایک شخص لاپتہ ہے۔×

India - MPOX - RT-PCR

بھارت نے ایم پَوکس کیلئے، RT-PCR جانچ کٹ تیار کی ہے۔ دواؤں کے معیار کو کنٹرول کرنے والی مرکزی تنظیم CDSCO نے Siemens Healthineer کی IMDX Mpox کا پتہ لگانے والی RT-PCR جانچ کِٹ کو منظوری دی ہے۔ Mpox ایک وائرل بیماری ہے۔ جانچ کا یہ نتیجہ محض 40 منٹ میں سامنے آجاتا ہے، جو روایتی طریقے سے حاصل کئے گئے نتیجے سے کہیں تیز رفتار ہے۔ روایتی طریقے سے حاصل کیا گیا نتیجہ ایک سے دو گھنٹے میں ظاہر ہوتا ہے۔

عالمی صحت تنظیم WHO نے Mpox کو صحت عامہ کی ایک بین الاقوامی ایمرجنسی تشویش قرار دیا ہے۔×

Medical Sensor

بھارت کے طبی سائنسدانوں نے Parkinson بیماری کی دوا کی خوراک طے کرنے کیلئے ایک نیا اسمارٹ سینسر تیار کیا ہے۔ Parkinson بیماری میں مریض کے جسم میں رعشہ پیدا ہوجاتا ہے اور مختلف عضلات میں اکڑن پیدا ہوجاتی ہے۔ یہ سینسر، اسمارٹ فون کی مدد سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ سینسر کم خرچ ہے اور اِسے استعمال کرنا بھی آسان ہے۔×

Cholera Vaccine

حیدر آباد میں، بھارت بایو ٹیک انٹرنیشنل لمیٹیڈ BBIL نے، Cholera یا ہیضے کی دوا تیار کی ہے۔ پینے کی اِس دوا کو HILLCHOL کا نام دیا گیا ہے، جس کیلئے امریکہ کی Merck اور برطانیہ کے Wellcome Trust نے رقم فراہم کی ہے۔

BBIL کے ایگزیکٹیو ڈائرکٹر ڈاکٹر کرشنا Ella نے دوا کے اجراء کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ HILLCHOL، شراکت داری کی کامیابی کی ایک داستان ہے، جس کے تحت صحت عامہ کیلئے ایک طریقہئ علاج حاصل ہوا ہے۔×

Paralympic Games

پیرالمپکس گیمس 2024 کا آج پیرس میں باضابطہ طور پر آغاز ہو رہا ہے۔ یہ کھیل 8 ستمبر تک جاری رہیں گے۔ فرانس، پہلی مرتبہ موسم گرما کے پیرالمپکس کا انعقاد کر رہا ہے۔ اس نے پچھلی مرتبہ 1992 میں اپنے شہروں Tignes اور Al-Bertville میں سرمائی پیرالمپکس کی میزبانی کی تھی۔

ایک رپورٹ

*V/C - Renu Kataria*

*پیرس پیرالمپکس میں بھارت کے کُل 84 پیرا ایتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔ پیرالمپکس کی تاریخ میں یہ بھارت کا سب سے بڑا دستہ ہے۔ بھارت، کھیل کود کے 22 مقابلوں میں سے 12 میں حصہ لے گا۔ جن میں وہ پیرا سائیکلنگ، پیرا جوڈو اور پیرا کشتی رانی مقابلوں میں پہلی مرتبہ شرکت کررہا ہے۔*

*پیرس 2024 پیرالمپکس، 9 ستمبر کو ایک شاندار اختتامی تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوجائیں گے۔*

*رینو کٹاریا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں عبدالمالک۔*

Jai Shah ICC Chairman

BCCI کے موجودہ اعزازی سکریٹری جے شاہ کو بلامقابلہ ICC کا independnet صدر منتخب کر لیا گیا ہے۔ جناب شاہ اِس عہدے کیلئے واحد امیدوار تھے۔ وہ اِس سال پہلی دسمبر کو اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ 35 سالہ شاہ اِس عہدے پر فائز ہونے والے سب سے کم عمر شخص بن گئے ہیں۔ اِس مہینے کی 20 تاریخ کو یہ اعلان کیا گیا تھا کہ ICC کے موجودہ صدر Greg Barclay تیسری

میعاد کیلئے چناؤ نہیں لڑیں گے اور وہ اِس سال نومبر میں اپنی  میعاد مکمل ہونے کے بعد سبکدوش ہوجائیں گے۔ x

Mohanlal Resigns

ملیالم فلم صنعت میں ایک بڑی پیشرفت یہ ہوئی ہے کہ اداکار موہن لال نے ملیالم مووی Artisits کی ایسوسی ایشن کے صدر کی حیثیت سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

یہ قدم جسٹس K. Hema کمیٹی کی رپورٹ کے بعد اٹھایا گیا ہے، جس میں ملیالم فلم صنعت میں خاتون پیشہ وروں کو ہراساں اور اُن کے ساتھ نازیبا سلوک کیے جانے کا تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔

اِس رپورٹ کے تناظر میں موہن لال اور AMMA کی تمام 16 رکنی ایگزیکیوٹیو کمیٹی نے بھی ایک ساتھ استعفیٰ دے دیا ہے۔ یہ فیصلہ AMMA کے سابق جنرل سکریٹری اداکار صدیق پر جنسی حملے کے الزامات کے تحت مستعفی ہونے کے کچھ دیر بعد کیا گیا ہے۔

کیرالہ حکومت نے وزیراعلیٰ پنیرائی وجین کی جانب سے بلائی گئی ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے بعد صنعت میں خواتین کے خلاف جرائم کی چھان بین کرنے کے لیے ایک سات رکنی خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی ہے۔x

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں:  شبانہ رحمٰن

شکریہ -  اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ، انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کی روس کے صدر ولادیمیر پتن سے ٹیلی فون پر ہوئی بات چیت کو بڑی خبر بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ وزیراعظم نے یوکرین کے حالیہ دورے اور وولادیمیر زیلینسکی سے حالیہ ملاقات کا تذکرہ کیا۔

وزیر داخلہ امت شاہ آج بیورو آف پولیس ریسرچ اینڈ ڈیولپمینٹ کے 54 ویں یوم تاسیس تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے اور نئے فوجداری قوانین، شہریوں پر مرکوز اصلاحات کے موضوع پر لیکچر دیں گے۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے باکس میں خصوصیت کے ساتھ پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے دلّی شراب پالیسی کیس میں کے کویتا کو سپریم کورٹ سے ضمانت ملی۔ پانچ ماہ بعد ضمانت پر جیل سے رہا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا سمیت آج کے تقریباً سبھی اخباروں میں یہ خبر بھی نمایاں ہے جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کانگریس نے اپنے 9 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کی، جبکہ BJP نے 29 امیدواروں کا اعلان کیا۔

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کا یہ بیان بھی روزنامہ انقلاب کے پہلے صفحے پر ہے کہ یونیفائیڈ پینشن اسکیم یو ٹرن نہیں بلکہ نئی اسکیم ہے۔

سیلاب سے گجرات میں 8 افراد ہلاک، 6 ا ضلاع میں فوج تعینات، 30 ٹرینیں منسوخ اور سری لنکا نے تمل ناڈو کے 8 ماہی گیروں کو بحری آبی حدود کی

خلاف ورزی کی پاداش میں گرفتار کیا۔ روزنامہ سہارا کے پہلے صفحے کی سرخیاں ہیں۔

★★★

**آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر**

1 بھارت-چِلی مشترکہ کمیشن کی دوسری میٹنگ آج نئی دلّی میں منعقد ہوگی۔

2 پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی نے وقف ترمیمی بِل 2024 کے بارے میں عوام سے تجویزیں طلب کی ہیں۔

3 BJP نے، مغربی بنگال میں 12 گھنٹے کے بند کی اپیل کی ہے، جس کا مقصد، کولکاتہ کے، آبروریزی اور قتل کیس میں، انصاف کا مطالبہ کرنے والے طلباء پر، پولیس کی زیادتیوں کے خلاف احتجاج کرنا ہے۔

4 گجرات میں شدید بارش کی وجہ سے بحران پیدا ہوگیا ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے بہت سے ضلعوں کیلئے ریڈ الرٹ اور اچانک سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے۔

5 جَے شاہ کو، بین الاقوامی کرکٹ کونسل کا، بلا مخالفت چیئرمین منتخب کرلیا گیا ہے۔

6 اور

2024 کے پیرالمپکس کھیل مقابلے، آج پیرس میں شروع ہوں گے، جن میں بھارت کے 84 ایتھلیٹس حصہ لیں گے۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

-------------------------------------